# معزز مہمانوں کے خیر مقدمی ایڈریسز

❁......سب سے قبل Lieutenant Governor جناب Gavin Newsom نے اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے اور حضور انور کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ حضور انور نے خلافت سے پہلے غانا میں جو وقت گزارا تھا وہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ حضور انسانیت کی ترقی کے لئے خواہاں ہیں اور اس کی ترقی کے لئے خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ گورنر Newsom نے ہال میں موجود کیلیفورنیا سٹیٹ کنٹرول John Chiang کو سٹیج پر بلایا اور دونوں نے حضور انور کی خدمت میں California کے گورنر Jerry Brown کی طرف سے Proclamation دی۔ جس میں گورنر براؤن نے حضور انور کا کیلیفورنیا میں خیر مقدم کیا۔

❁......اس کے بعد لاس اینجلیز کاؤنٹی کے پولیس چیف Lee Baca نے اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے انسانیت اور امن کے قیام کے لئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی انتھک کوششوں کی تعریف کی اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایک عظیم مجدّد اور امن کا شہزادہ قرار دیا۔

❁...... Sheriff Baca کے ایڈریس کے بعد لاس اینجلیز سٹی کونسل کے ممبر Dennis Zine نے کونسل کے صدر اور انتخابی امیدوار Eric Garcetti کے ساتھ مل کر حضور انور کی خدمت میں لاس اینجلیز شہر کی Golden Key پیش کی۔ یہ چابی پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ Golden Key کرّہ ارض پر سب سے زیادہ معزز افراد کے لئے مخصوص ہے۔ حضور انور سے قبل یہ Golden Key لاس اینجلیز کونسل کی طرف سے سربراہان مملکت اور نوبل پرائز جیتنے والوں کو دی جا چکی ہے۔ Eric Garcetti نے کہا کہ ان کے بارہ سالہ دور صدارت میں یہ اعزاز صرف چار معززین کو اب تک پیش کیا گیا ہے۔

❁......اس کے بعد Matt Dabaneh صاحب جو کانگریس میں Sher Man کے چیف آف سٹاف اور نمائندہ ہیں نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں House Resolution 709 جو کہ 112ویں Congressional Session میں پاس کی گئی تھی، کی Official کاپی پیش کی۔ یہ ریزولیوشن 21 ممبران کانگریس نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے گزشتہ دورہ امریکہ کے دوران پاس کروائی تھی۔ جس میں حضور انور کی قیام امن کی کوششوں کو سراہا تھا۔

❁......اس کے بعد خاتون رکن کانگریس Judy Chu نے اپنے مختصر ریمارکس میں کہا کہ وہ آج اس تقریب میں اس لئے شامل ہوئی ہیں کیونکہ حضور انور دہشتگردی، تشدّد اور جنگ کے خلاف آواز اٹھاتے ہیں۔

❁......بعد ازاں ایک اور رکن کانگریس Julia Brownley نے حضور انور کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ حضور! آج دنیائے مذاہب کے عظیم ترین لیڈر ہیں۔

اس کے بعد مکرم امیر صاحب یو ایس اے نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا اختصار سے تعارف کروایا۔

بعد ازاں ایک بجے جب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے خطاب کے لئے ڈائس پر تشریف لائے تو سارا ہال کھڑا ہو گیا اور مہمان دیر تک تالیاں بجاتے رہے۔

